بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص اب/س/۲/۱۷/۲۰۱۵ مورخہ ۲۳/مئی ۲۰۱۷

بخدمت = جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر ۱۳۳

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۱۹/مئی ۲۰۱۷ میں منظور شدہ قرارداد نمبر ۱۳۳ منجانب محترمہ ثمینہ خان رکن اسمبلی، برائے اطلاع وضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

قرارداد نمبر ۱۳۳۔

ہرگاہ کہ عسکری پارک ایئر پورٹ روڈ پر واقع عسکری چوک کا شمار کمرشل ایریا میں ہوتا ہے کے اطراف کئی ہاوسنگ اسکیمز تعمیر کی گئی ہیں اور مزید دوشاپنگ مال بھی زیر تعمیر ہیں جہاں سے ایف سی ہسپتال اور نواں کلی ہنہ اوڑک کو راستہ بھی جاتا ہے۔ مذکورہ جگہ پر فلائی اُوور تعمیر نہ ہونے کیوجہ سے اکثر و بیشتر زیادہ رش ہونے کی وجہ سے ٹریفک جام رہتا ہے جس سے نہ صرف طلباء وطالبات کو وقت پر سکول پہنچنے اور چھٹی کے بعد گھر پہنچنے میں کافی دیر ہوتی ہے بلکہ وی وی آئی پی مومنٹ (Movement) کے دوران مذکورہ شاہراہ اکثر بند رہتی ہے جسکی وجہ سے عوام اور طلباء و طالبات کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے۔ کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ عوام اور طلباء وطالبات کی مشکلات کے پیش نظر عسکری چوک (عسکری پیٹرول پمپ) کے ساتھ فلائی اُوور کی تعمیر کو یقینی بنائے۔

رحمت اللہ
معتمد،

برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۲) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۳) ڈی۔جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۴) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۵) سیکرٹری وزارتِ قانون وپارلیمانی امور، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۶) سیکرٹری وزارتِ ہاوسنگ وتعمیرات، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۷) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔
۸) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) محترمہ ثمینہ خان رکن اسمبلی/محرک

(شمس الدین)
شریک معتمد، (سوالات)

Scanned with CamScanner